کواڈ لیڈرز سمٹ میں وزیراعظم کی شرکت

20 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 20 مئی 2023 کو جاپان کے ہیروشیما میں تھرڈ اِن پرسن کواڈ لیڈرس سمٹ میں آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز، جاپان کے وزیر اعظم فومیو کشیدا اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے صدر جوزف بائیڈن کے ساتھ شرکت کی۔

قائدین نے انڈو پیسیفک میں پیش رفت کے بارے میں نتیجہ خیز بات چیت کی جس نے ان کی مشترکہ جمہوری اقدار اور اسٹریٹجک مفادات کی تصدیق کی۔ ایک آزاد، کھلے اور جامع ہند-بحرالکاہل کے لیے اپنے وژن کی رہنمائی میں، انھوں نے خودمختاری، علاقائی سالمیت اور تنازعات کے پرامن حل کے اصولوں کو برقرار رکھنے کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ اس تناظر میں، انہوں نے "کواڈ لیڈرز کا وژن بیان – انڈو پیسیفک کے لیے پائیدار شراکت دار" (Quad Leaders' Vision Statement – Enduring Partners for the Indo-Pacific) جاری کیا جو ان کے اصولی نقطہ نظر کو واضح کرتا ہے۔

انڈو پیسیفک کی لچک اور خوشحالی کو مضبوط کرنے کے لیے درج بالا رہنماؤں نے درج ذیل اقدامات کا اعلان کیا جو خطے کی ترقی کی ترجیحات کی تکمیل کریں گے:

الف۔ کلین انرجی سپلائی چینز انی شی ایٹو جو تحقیق اور ترقی میں سہولت فراہم کرے گا اور انڈو پیسیفک کی توانائی کی منتقلی میں معاونت کرے گا۔ اس کے علاوہ، کلین انرجی سپلائی چینز کے کواڈ پرنسپلز کو منظوری دی گئی تاکہ صاف توانائی کی سپلائی چین کی ترقی پر خطے کے ساتھ مشارکت کی رہنمائی کی جا سکے۔

ب۔ خطے میں پالیسی سازوں اور عاملین کو ان کے ممالک میں پائیدار اور قابل عمل بنیادی ڈھانچے کو ڈیزائن، تعمیر اور ان کا انتظام کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے'کواڈ انفراسٹرکچر فیلوشپ پروگرام'۔

ج۔ ان اہم نیٹ ورکس کو محفوظ اور متنوع بنانے کے لیے زیر سمندر کیبلوں کے ڈیزائن، مینوفیکچرنگ، بچھانے اور دیکھ بھال میں کواڈ کی اجتماعی مہارت سے فائدہ اٹھانے کے لیے 'کیبل کنیکٹیویٹی اور لچک کے لیے شراکت'۔

د۔ بحرالکاہل کے علاقے میں پہلی بار پلاؤ (Palau) میں چھوٹے پیمانے پر ORAN کی تعیناتی کے لیے کواڈ سپورٹ۔ انہوں نے اوپن، انٹرآپریبل اور محفوظ ٹیلی کام پلیٹ فارموں میں صنعت کی سرمایہ کاری کی حمایت کے لیے ORAN سیکیورٹی رپورٹ بھی جاری کی۔

ہ۔ کواڈ انویسٹرس نیٹ ورک (Quad Investors' Network))

کو نجی شعبے کی قیادت والے پلیٹ فارم کے طور پر لانچ کیا گیا ہے تاکہ اسٹریٹجک ٹیکنالوجیوں میں سرمایہ کاری کو آسان بنایا جا سکے۔

و۔ لیڈروں نے انڈو پیسیفک پارٹنرشپ فار میری ٹائم ڈومین اویرنس کی پیشرفت کا خیرمقدم کیا، جس کا اعلان گزشتہ سال ٹوکیو میں ان کے سربراہی اجلاس میں کیا گیا تھا۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ اس پروگرام کے تحت جنوب مشرقی اور بحرالکاہل میں شراکت داروں کے ساتھ ڈیٹا کا اشتراک جاری ہے اور جلد ہی بحر ہند کے علاقے میں شراکت داروں کو شامل کیا جائے گا۔

رہنماؤں نے اقوام متحدہ، اس کے چارٹر اور اس کی ایجنسیوں کی سالمیت کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ انہوں نے کثیر جہتی نظام کو مضبوط کرنے بشمول مستقل اور غیر مستقل دونوں زمروں میں UNSC کی رکنیت میں توسیع کے ذریعے اصلاحات کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

وزیر اعظم نے کواڈ کے تعمیری ایجنڈے کو مستحکم کرنے اور خطے کے لیے ٹھوس نتائج کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ قائدین نے اپنی باقاعدہ بات چیت جاری رکھنے اور کواڈ مشارکت کی رفتار کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ اس تناظر میں وزیر اعظم نے کواڈ لیڈروں کو 2024 میں اگلی کواڈ سمٹ کے لیے ہندوستان مدعو کیا۔

ہیروشیما

مئی 2023 20